سوال

کیا عید کی نماز مسجد میں پڑھ سکتے ہیں؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عید کی نماز کھلے اور وسیع میدان میں ادا کرنا سنت ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کی فضیلت کے باوجود کھلے میدان میں نماز عید ادا کی۔

سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ يَوْمَ الفِطْرِ وَالأَضْحَى إِلَى المُصَلَّى فَأَوَّلُ شَيْءٍ يَبْدَأُ بِهِ الصَّلاَةُ (صحیح البخاری، العیدین: 956)

نبی ﷺ عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن عید گاہ تشریف لے جاتے تو پہلے جو کام کرتے وہ نماز ہوتی۔

اگر کوئی عذر ہو جیسے بارش وغیرہ کی صورت میں، یا لوگ بڑھاپے وغیرہ کی وجہ سے عید گاہ نہ جا سکتے ہوں، تو مسجد میں پڑھنا بھی جائز ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث